بنیادی حقوق اور بنیادی فرائض

سبق نمبر	سبق کا عنوان	مہارتیں	سرگرمی
16	بنیادی حقوق اور بنیادی فرائض	خود آگہی، بین ذاتی مہارتیں تخلیقی غور وفکر	اپنے بنیادی حقوق کو سمجھنا اور اپنے بنیادی فرائض کو انجام دینا

مفہوم ومعنی

ہندوستان جیسے جمہوری ملک میں ہر شہری کو بعض بنیادی اور اساسی حقوق حاصل ہیں، لیکن دنیا کے کئی حصوں میں لوگ آج بھی ان حقوق کے لیے جد جہد کر رہے ہیں۔اس سبق کا مقصد آئین ہند میں درج بنیادی حقوق اور بنیادی فرائض کا مطالعہ کرنا ہے۔

حقوق: حقوق فرد کے وہ دعوے ہیں، جو اس کی شخصیت کے فروغ کے لیے لازمی ہیں اور جنھیں سماج اور ریاست تعلیم کرتی ہے۔

فرائض: فرائض وہ ہیں جن کو نبھانے کی توقع کی جاتی ہے۔حقوق کے ساتھ ذمہ داریاں، فرائض کی شکل میں ہیں۔

بنیادی حقوق

حقوق کو ریاست کے ذریعہ تسلیم کیا جاتا ہے اور ان کو آئین میں درج کیا گیا ہے۔ان کو بنیادی حقوق کہا جاتا ہے۔ یہ قانون کے ذریعہ قابل دادرسی یا قابل نفاذ ہیں۔ذیل میں چھ بنیادی حقوق کو بیان کیا جارہا ہے، جن کو ہندوستانی آئین کے حصہ-III میں درج کیا گیا ہے۔

1 برابری کا حق
قانون کے تئیں برابری
کسی بھی بنیاد پر کوئی فرق وامتیاز نہیں
مواقع کی برابری
چھوت چھات کا خاتمہ
خطابات کا خاتمہ

2- حق آزادی
تقریر واظہار کی آزادی
پرامن طور پر جمع ہونے کی آزادی
ایسوسی ایشن بنانے کی آزادی
آنے جانے اور کہیں بھی سکونت اختیار کرنے کی آزادی
ملک کے کسی بھی حصہ میں رہنے کی آزادی
پیشہ، تجارت یا کاروبار کی آزادی
ان چھ آزادیوں کے علاوہ یہ حق انفرادی آزادی، زندگی اور شخصی آزادی کی بھی حفاظت کرتا ہے۔ یہ ہم کو من مانے طریقے سے گرفتاری اور حراست سے بھی تحفظ فراہم کرتا ہے۔

3۔استحصال کے خلاف حق
انسانوں کی خرید و فروخت، بندھوا مزدوری، 14 سال سے کم عمر کے بچوں کے روزگار پر پابندی ہے۔

4۔آزادی مذہب کا حق
ہندوستان کے ایک سیکولر ریاست ہونے کے ناطے ہر شہری اپنے مذہبی معاملات میں آزاد ہے۔

5۔ثقافتی اور تعلیمی حق
یہ بنیادی حق اقلیتوں زبان، ثقافت اور مذہب کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔

6۔آئینی چارہ جوئی کا حق (حق دادرسی تلافی)
یہ سب سے زیادہ اہم بنیادی حق ہے، جو بنیادی حقوق کی کسی بھی طرح کی خلاف ورزی کی صورت میں فرد کو عدالت میں جانے کا مجاز بناتا ہے۔

انسانی حقوق کے طور پر بنیادی حقوق

- ہندوستانی آئین نے کئی انسانی حقوق کو بنیادی حقوق کے طور پر تسلیم کیا ہے۔
- ہندوستان انسانی حقوق کے تحفظ سے وابستہ ہے۔
- اس مقصد کے تحت 1993ء میں انسانی حقوق کمیشن کا قیام کیا گیا تھا۔

- ہندوستان کے اقتدارِاعلیٰ، اتحاد اور یک جہتی کو برقرار رکھنا۔
- ملک کا دفاع کرنا اور قومی خدمت کرنا
- سائنسی مزاج کو فروغ دینا

بنیادی فرائض

- آئین کے حصہ۔IV میں دس بنیادی فرائض درج کیے گئے تھے بعد میں 2009ء کے حق تعلیم ایکٹ کے تحت ایک اور بنیادی فرض کو ان میں شامل کیا گیا۔
- بعض بنیادی فرائض ہیں: آئین کی پابندی کرنا اور اس کے تصورات اور اداروں کا احترام کرنا، قومی جھنڈے اور قومی ترانے کا احترام کرنا۔

اپنا تجزیہ کریں:

سوال: بنیادی حقوق کیا ہیں؟ یہ اہم کیوں ہیں؟

سوال: برابری کے حق کی وضاحت کیجیے۔ یہ انسانی وقار کو کس طرح قائم رکھتے ہیں۔

سوال: آئینی تلافی کے حق کو بنیادی حقوق میں سب سے زیادہ اہم کیوں سمجھا جاتا ہے؟